"حصولِ رزق حلال عبادت ہے" کیا یہ حدیث ہے؟

ریفرنس نمبر:Nor-10588

تاریخ:26-02-2020

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ عوام میں ایک جملہ مشہور ہے: "حصولِ رزق حلال عبادت ہے۔" کیا یہ حدیث ہے؟ اگر ہاں، تو اس کا حوالہ عنایت فرما دیجیے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سوال میں مذکور جملہ "حصول رزق حلال عبادت ہے" بعینہ ان الفاظ سے تو کتبِ حدیث میں ایسی کوئی روایت نہیں مل سکی، البتہ قریب ترین مفہوم یعنی رزقِ حلال تلاش کرنا ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے، متعدد روایتوں میں موجود ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ جسے خود اپنے لیے یا جن کی کفالت اس کے ذمے ہے، ان کے لیے مال کی حاجت ہو، اس پر کمانا فرض ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "طلب کسب الحلال فریضۃ بعد فریضۃ" ترجمہ: رزق حلال تلاش کرنا ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے۔

(شعب الایمان، باب حقوق الاولاد، ج11، ص175، مکتبۃ الرشد)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "طلب الحلال فریضۃ بعد فریضۃ" ترجمہ: رزق حلال تلاش کرنا ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے۔ (المعجم الکبیر، ج10، ص74، قاھرہ)

اس کی شرح میں علامہ علی قاری علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: "ای علی من احتاج الیہ لنفسہ اولمن یلزم مؤنتہ والمراد بالحلال غیر الحرام المتیقن۔۔۔ ثم ھذہ الفریضۃ لا یخاطب بھا کل احد بعینہ لان کثیرا من الناس تجب نفقتہ علی غیرہ وقولہ بعد الفریضۃ کنایۃ عن ان فرضیۃ طلب

کسب الحلال لا تکون فی مرتبۃ فرضیۃ الصلاۃ والصوم والحج وغیرھا" ترجمہ: یعنی اس شخص پر لازم ہے جسے خود اپنے لیے یا جس کا نفقہ اس پر لازم ہے، اس کے لیے مال کی حاجت ہو اور حلال سے مراد وہ مال ہے جس کی حرمت یقینی نہ ہو۔ پھر یہ ہر ایک پر فرض نہیں کیونکہ کثیر لوگوں کا نفقہ دوسروں پر واجب ہوتا ہے اور سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "فرض کے بعد" اس بات سے کنایہ ہے کہ رزق حلال تلاش کرنے کی فرضیت، نماز، روزہ، حج وغیرہ کی فرضیت کے درجے میں نہیں ہے۔

(مرقاۃ المفاتیح، کتاب البیوع، باب کسب الحلال، الفصل الثالث، ج6، ص48، ملتان)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1441ھ/26 فروری 2020ء

دارالافتاء اہلسنت
darulifta@dawateislami.net

نوٹ: دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج /daruliftaahlesunnat اور ویب سائٹ /www.daruliftaahlesunnat.net کے ذریعے کی جاسکتی ہے